روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

خدا کے خوف سے روؤ

حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اے لوگو خدا کے خوف سے روؤ۔ اگر رونا نہ آئے تو تکلف سے روؤ۔ کیونکہ دوزخی دوزخ میں روئیں گے تو ان کے آنسو ان کے چہروں پر اس طرح بہیں گے جیسے نالیاں ہوتی ہیں یہاں تک کہ آنسو ختم ہو جائیں گے تو خون بہنا شروع ہو جائے گا اور آنکھیں خون اس کثرت سے بہائیں گی کہ اگر کوئی کشتی اس میں چھوڑ دی جائے تو چلنے لگے گی۔ (مسند ابو یعلیٰ جلد7ص161 حدیث نمبر :4134مسند انس۔ دارالمامون للتراث۔ دمشق۔ طبع اول 1984ء)

جمعرات 4 نومبر 2004ء 20 رمضان المبارک 1425 ہجری 4 نبوت 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 251

10

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا دورہ بیلجیئم

جلسہ سالانہ بیلجیئم سے اختتامی خطاب، نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ اور خدام الاحمدیہ کے ساتھ میٹنگز

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

حضور انور کے دورہ یورپ کے آخری ایام کی رپورٹس اب موصول ہوئی ہیں جو نذر قارئین ہیں۔

مورخہ 12/ستمبر 2004ء

صبح پونے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیلجیئم مشن ہاؤس کے احاطہ میں واقع جلسہ گاہ میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ صبح کے وقت حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

چار بجے حضور انور جلسہ گاہ میں تشریف لائے اور نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد جلسہ سالانہ بیلجیئم کے اختتامی اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم عبدالستار صاحب نے کی۔ اس کے بعد حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام ''جمال وحسن قرآں ....'' رائے مظہر احمد صاحب نے خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد حضور انور نے اختتامی خطاب فرمایا۔

حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد سورۃ الانفال کی آیت نمبر 30 کی تلاوت فرمائی۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم اللہ سے ڈرو تو وہ تمہارے لئے ایک امتیازی نشان بنا دے گا اور تم سے تمہاری برائیاں دور کر دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ فضل عظیم کا مالک ہے۔

اس کے بعد فرمایا کسی بھی سچے دین کی نشانی یہ ہے کہ وہ کس قدر انسان کو اپنے خدا کی طرف لے جانے والا ہے۔ اور اپنے پیدا کرنے والے کا خوف اور اس کی خشیت اپنے ماننے والوں کے دلوں میں پیدا کرتا ہے۔ اور اس کے لئے کیا تعلیم دیتا ہے۔ اگر جائزہ لیا جائے تو صرف دین حق ہی اس کی تعلیم دیتا ہے۔ یہ کہ اگر تم نے خدا تعالیٰ تک پہنچنا ہے تو اس کا خوف، ایسا خوف جو محبت کا اظہار بھی رکھتا ہو اپنے دلوں میں پیدا کرو، خدا کو راضی کرنے والے بنو اور اس کی محبت حاصل کرو۔ یہ صرف منہ سے نہ ہو بلکہ اپنے عمل سے، اپنے فعل سے اس بات کی تصدیق ہو کہ ہمیں اپنے پیدا کرنے والے سے حقیقی پیار ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم دلوں میں اس کا خوف رکھتے ہوں۔

خدا کو ماننے والا ہر وقت اس کے خوف کو سامنے رکھے گا۔ اس کی عبادت بجا لائے گا۔ کسی قسم کی دنیاوی مال کی محبت اس کی خشیت کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہ رکھتی ہو گی۔ پھر کس طرح اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ امتیازی سلوک کرے گا۔ وہ فرماتا ہے کہ تم سوئے ہوئے ہو گے اور میں تمہارے لئے جاگوں گا۔ تم تکلیف میں ہو گے، میں تمہاری تکلیف کو دور کروں گا۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

جو خدا کا متقی اور اس کی نظر میں متقی بنتا ہے اس کو خدا تعالیٰ ہر ایک قسم کی تنگی سے نکالتا ہے اور ایسی طرز سے رزق دیتا ہے کہ اسے گمان بھی نہیں ہوتا کہ کہاں سے آتا ہے۔ خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ برحق ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدوں کو پورا کرنے والا ہے اور بڑا رحیم کریم ہے۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے جو کوئی اللہ کا تقویٰ اختیار کرے اللہ اس کے معاملے میں آسانی پیدا کر دیتا ہے۔ اگر تمہارے رزق میں کمی ہو، تمہارے کاموں میں روک ہو تو اس کا تقویٰ اختیار کرو، اس کے سامنے جھکو، نمازوں میں پابندی کرو، اس کی طرف جھکتے ہوئے اس کے احکام کی پیروی کرو۔ وہ ضرور آسانیوں کے سامان پیدا کر دے گا۔ بعض دفعہ آزمائش ہوتی ہے اور اللہ کسی کی طاقت کے مطابق آزماتا ہے۔

تمہاری برائیاں تقویٰ سے دور ہوں گی۔ جب فعلی شہادت سے پتہ چل گیا کہ اللہ تعالیٰ احسان فرما رہا ہے تو پھر اللہ کے وعدوں پر ایک مومن کو اور بھی پختہ یقین ہو جاتا ہے۔ پھر ایک مومن بندہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی میں اور ترقی کرتا ہے اور پھر اللہ کے دائمی فضلوں کا وارث ٹھہرتا ہے۔ اللہ تمام فضلوں کا مالک ہے اور پھر یہ کہ وہ بندوں میں فضل بانٹنے کی طاقت بھی رکھتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہر احمدی کو کوشش کرنی چاہئے کہ وہ نیکیوں میں سبقت لے جائے پھر اللہ تعالیٰ تمہارے اندر وہ طاقتیں پیدا کرے گا کہ تم مقبول بندوں کی طرح قبولیت دعا کے نشان دکھاؤ گے۔ یہ وہ معیار ہیں جو حضرت مسیح موعود نے اپنے رفقاء کے اندر پیدا کئے اور اپنی جماعت سے جن کی آپ توقع رکھتے تھے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

حقیقی تقویٰ کے ساتھ جاہلیت جمع نہیں ہو سکتی۔ حقیقی تقویٰ اپنے ساتھ نور رکھتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تمہیں نور دیا جائے گا۔ تمہارے تمام قویٰ میں نور ہو گا۔ جن راہوں پر تم چلو گے وہ راہیں نورانی ہو جائیں گی اور تم سراپا نور ہو جاؤ گے۔

حضور انور نے فرمایا اللہ کرے کہ ہر احمدی نور سے بھر جائے، ہر احمدی کی کوشش ہونی چاہئے کہ خدا کا خوف اس کے دل میں ہو۔ ہر احمدی کو اس کی طرف جھکنا چاہئے۔ عبادات کی طرف توجہ دینی چاہئے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خدا کی راہ میں انسان کے جسم پر لگنے والا غبار اور جہنم کبھی اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

یہ وہ فرقان ہے جو ایک احمدی کو غیروں سے ممتاز کرتا ہے اور کرنا بھی چاہئے۔ اس روح کو اپنے اندر، اپنے بچوں کے اندر پیدا کریں۔

ایک روایت میں ہے کہ خشیت کیسے پیدا ہوتی ہے۔ یہ اس طرح کہ جب یہ خیال ہو کہ اللہ ہمیں دیکھ رہا ہے۔

ایک دفعہ سوال کرنے والے نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ احسان کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تو اللہ کی اس طرح عبادت کرے کہ گویا تو خدا کو دیکھ رہا ہے اور اگر یہ نہیں تو کم از کم یہ احساس ہو کہ خدا تمہیں دیکھ رہا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللہ کا تقویٰ اختیار کرو جو تمہارا رب ہے، پانچ نمازیں پڑھو، روزے رکھو، زکوٰۃ دو اور اپنے امیر کی اطاعت کرو۔ یہ مومن کی پانچ نشانیاں ہیں گویا تقویٰ پر وہی قائم سمجھا جائے گا جو ان پانچ باتوں پر عمل کرنے والا ہو گا۔

حضرت زید بن ارقمؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے اللہ میرے نفس کو تقویٰ عطا فرما، اس کو خوب پاک صاف کر دے تو ہی سب سے بہتر ہے جو اس کو پاک کر سکتا ہے۔ ایک اور دعا ہے کہ اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ اور پاک دامنی مانگتا ہوں۔

حضور نے فرمایا کہ جب رسول کریم ﷺ خدا کے خوف اور خشیت کی وجہ سے اس قدر دعا مانگا کرتے تھے، تو ہمیں کس قدر دعا کرنی چاہئے۔

آپؐ یہ بھی دعا مانگتے اے اللہ! میں عاجز آ جانے، سستی، بزدلی، بخل، انتہائی بڑھاپے اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میرے نفس کو تقویٰ عطا کر۔ اے اللہ میں ایسے علم سے جو فائدہ مند

(مسلسل صفحہ 2 پر)

(بقیہ صفحہ 1)

نہ ہو اور ایسے دل سے جس میں خشوع نہ ہو۔ایسی دعا سے جو مقبول نہ ہو پناہ مانگتا ہوں۔

حضور انور نے فرمایا کہ دوسروں کو دیکھنے کی بجائے اپنے آپ کو دیکھنا چاہئے دوسروں کو کہتے ہیں تمہارے بارہ میں خطبہ آیا ہے۔اپنا جائزہ کوئی نہیں لیتا۔اپنا جائزہ لینا چاہئے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں قرآن شریف میں تمام احکام کی نسبت تقویٰ اور پرہیزگاری کے لئے بڑی تاکید ہے۔وجہ یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بدی سے بچنے کے لئے قوت بخشتی ہے۔اور ہر ایک نیکی کی طرف دوڑنے کے لئے حرکت دیتی ہے۔اور اس قدر تاکید فرمانے میں بھید یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بات میں انسان کے لئے سلامتی کا تعویذ ہے اور ہر ایک قسم کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لئے حصن حصین ہے۔ایک متقی انسان بہت سے ایسے فضول اور خطرناک جھگڑوں سے بچ سکتا ہے جن میں دوسرے لوگ گرفتار ہو کر بسا اوقات ہلاکت تک پہنچ جاتے ہیں۔اور اپنی جلد بازیوں اور بدگمانیوں سے قوم میں تفرقہ ڈالتے اور مخالفین کو اعتراض کا موقع دیتے ہیں۔

آخر پر حضور انور نے فرمایا اللہ کرے کہ ہم خدا کے حکموں پر عمل کرنے والے ہوں، اس کے رسول کے بتائے ہوئے رستوں پر چل کر اس کی خشیت اختیار کرنے والے ہوں۔حضرت مسیح موعود کی خواہش کے مطابق آپ کی تعلیم پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگیوں میں انقلاب پیدا کرنے والے ہوں اور ہم میں سے ہر ایک دعاؤں کی قبولیت کے نظارے دیکھنے والا ہو، جلسہ کی برکات ہمیشہ آپ کے ساتھ ہوں۔اللہ آپ کے ساتھ ہو، آپ کو حفظ و امان میں رکھے، خیریت سے اپنے گھروں میں واپس لے جائے۔

خطاب کے اختتام پر حضور انور نے دعا کروائی۔

5 بج کر 35 منٹ پر جلسہ کی کارروائی اپنے اختتام کو پہنچی۔اس کے بعد حضور لجنہ کی جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے اور خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔بچیوں نے کورس کی شکل میں مختلف نظمیں پڑھیں اور لاالہ الا اللّٰہ کا ورد کیا اور نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے۔

جلسہ سالانہ کی کل حاضری 1589 تھی جبکہ گزشتہ سال یہ حاضری 766 تھی۔

بیلجیئم کے اس جلسہ سالانہ میں درج ذیل 13 ممالک سے آنے والے احباب شامل ہوئے۔

جرمنی، فرانس، ہالینڈ، انگلستان، سویڈن، ناروے، انڈیا، امریکہ، کینیڈا، پاکستان، نائیجر، نائیجیریا، سوئٹزرلینڈ۔

اس کے بعد شام چھ بجے لجنہ اماء اللہ کی نیشنل مجلس عاملہ کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔حضور انور نے تمام سیکرٹریان کو تفصیلی ہدایات دیں۔

عاملہ لجنہ کی میٹنگ کے بعد ساڑھے چھ بجے نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔حضور انور نے باری باری تمام شعبوں کا جائزہ لیا اور سیکرٹریان سے دریافت فرمایا کہ وہ اپنے اپنے شعبوں میں کیا کام کر رہے ہیں اور آئندہ کے لئے کیا پلاننگ ہے۔

حضور انور نے مہتمم مال کو ہدایت فرمائی کہ اپنے خدام کی فہرست اس طرح تیار کریں کہ آپ کی جو کل تجنید ہے اس میں سے سٹوڈنٹ کتنے ہیں اور کتنے ایسے خدام ہیں جو کمانے والے ہیں۔جو خدام چندہ کے نظام میں شامل نہیں ان کو شامل کرنے کی کوشش کریں۔شعبہ سمعی بصری کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ڈاکومنٹری فلم تیار کریں اور ایم ٹی اے کے لئے بھجوائیں۔

حضور انور نے مہتمم تربیت کو ہدایت فرمائی کہ تربیتی کلاسز اور پروگرام باقاعدگی سے ہونے چاہئیں اور آپ کے پاس ریکارڈ ہونا چاہئے کہ ان کلاسز میں کتنے خدام شامل ہوئے ہیں۔حضور انور نے فرمایا جو خدام کیمپوں میں رہ رہے ہیں ان کے ساتھ بھی آپ کا مسلسل رابطہ ہونا ضروری ہے، ان کو بھی تربیتی پروگراموں میں شامل ہونا چاہئے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ خدمت خلق کے پروگراموں کے بارہ میں یہاں کے متعلقہ حکام کو بھی آگاہ رکھا کریں۔حضور انور نے نومبایعین کی تربیت کی طرف خصوصی توجہ دینے کی ہدایت فرمائی۔اور فرمایا کہ جو لوگ رفیوجی سنٹرز میں رہتے ہیں ان کی تربیت کے لئے پلان بنائیں۔ان سے مستقل رابطہ رکھیں۔ان کی تربیت کا انتظام کریں۔ ان سے ریگولر Contact کریں۔اگر یہ اپنی جگہ تبدیل کریں اور کسی دوسرے شہر میں نقل مکانی کریں تو آپ کو علم ہونا چاہئے۔ اور آپ کا رابطہ رہنا چاہئے۔جب رابطہ نہیں کریں گے تو یہ لوگ ضائع ہو جائیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آپ کے پاس سب نومبایعین کی فہرست ہونی چاہئے۔اپنی مجالس کے قائدین کو یہ فہرستیں دیں کہ وہ اپنے اپنے علاقہ، ریجن میں مقیم ان لوگوں سے رابطہ کریں اور ان کو اپنے تربیتی پروگراموں میں شامل کریں۔

حضور نے مہتمم امور طلباء کو ہدایت فرمائی کہ تمام خدام کی اس طرح فہرست تیار کریں کہ کتنے ہیں جو سکول رکالج ریونیورسٹی جا رہے ہیں۔اگر کوئی پڑھائی چھوڑتا ہے تو اس کا بھی آپ کو علم ہونا چاہئے۔

حضور انور نے مہتمم اشاعت کو ہدایت فرمائی کہ جو خدام اردو پڑھ سکتے ہیں ان کو رسالہ ''خالد'' پاکستان سے لگوا کر دیں۔اس کے بعد حضور انور نے شعبہ عمومی کے کام کے متعلق ہدایات فرمائیں۔یہ میٹنگ شام سات بجے تک جاری رہی۔میٹنگ کے بعد خدام نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

اس کے بعد نیشنل مجلس عاملہ انصار اللہ کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔حضور انور نے قائدین سے ان کے شعبوں اور کاموں کا جائزہ لیا اور ہدایات سے نوازا۔حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ کی ماہانہ رپورٹ باقاعدگی سے آنی چاہئے۔حضور انور نے قائد ذہانت وصحت جسمانی کو ہدایت فرمائی کہ انصار کو سیر کرنے کی عادت ڈالیں۔

نومبایعین کے بارہ میں حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ان کو اپنے تربیتی نظام میں شامل کریں، چندوں کی عادت ڈالیں، قرآن کریم پڑھائیں اور نماز باجماعت کا عادی بنائیں۔

قائد ایثار کو ہدایت فرمائی کہ یہاں جو Old people homes ہیں وہاں جائیں، ان سے باتیں کریں، پھول، پھل ان کے لئے لے کر جائیں۔آپ کے جانے سے ان کا دل لگ جائے گا۔یہی آپ کی خدمت خلق ہے۔

قائد (دعوت الی اللہ) کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ گزشتہ تین چار سال کی جو بیعتیں ہیں ان کو اپنے نظام میں شامل کریں۔ان سے مستقل رابطہ رکھیں۔اپنے انصار کو بھی Active کریں۔حضور نے فرمایا کہ آپ سب کو مستعد ہو کر محنت سے کام کرنا چاہئے اور منصوبہ بندی، پلاننگ کے ساتھ کام کو آگے بڑھانا چاہئے۔

مجلس انصار اللہ کے ساتھ یہ میٹنگ شام ساڑھے سات بجے تک جاری رہی۔میٹنگ کے آخر پر انصار نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوائی۔

اس کے بعد حضور انور اپنے دفتر تشریف لے گئے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں جو رات 8-45 تک جاری رہیں۔بیلجیئم کی مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والی 25 فیملیز کے 98/افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔

نو بجے حضور انور نے مغرب وعشا کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم منظور احمد صاحب بٹ دارالیمن غربی تحریر کرتے ہیں۔کہ خاکسار کے والد مکرم عبدالمجید احمد صاحب بٹ کارکن دفتر جائیداد مورخہ 28۔اکتوبر 2004ء کو بوجہ ہارٹ اٹیک وفات پا گئے۔آپ کا جنازہ مورخہ 29۔اکتوبر 2004ء کو مکرم میر عبدالباسط صاحب مربی سلسلہ نے بعد نماز فجر بیت سعادت میں پڑھایا۔عام قبرستان میں قبر تیار ہونے پر مربی صاحب موصوف نے ہی دعا کرائی۔آپ نے اپنے پیچھے چار لڑکے اور تین لڑکیاں یادگار چھوڑی ہیں احباب سے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔

درخواست دعا

مکرم سلطان احمد صاحب مینیجر ضیاء الاسلام پریس ربوہ لکھتے ہیں میرے چچا مکرم شریف احمد صاحب ڈوگر دارالنصر شرقی ربوہ بعارضہ شوگر و دیگر امراض بیہوشی کی حالت میں ہیں۔کمزوری اور ضعف بہت ہے احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ ان کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔آمین

نکاح

مکرم چوہدری محمد صادق بھٹہ صاحب دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ لکھتے ہیں۔میری بیٹی مکرمہ انیلہ صادق صاحبہ کا نکاح ہمراہ مکرم عتیق احمد صاحب باجوہ مربی سلسلہ آف راولپنڈی ولد مکرم منیر احمد باجوہ صاحب داتا زید کا ضلع سیالکوٹ پچاس ہزار روپے حق مہر پر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے 14۔اکتوبر 2004ء کو بیت راجیکی میں پڑھا۔مکرم عتیق احمد باجوہ صاحب مربی سلسلہ مکرم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی کے بھانجے ہیں۔تمام احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔آمین

سانحہ ارتحال

مکرم سیف علی شاہد صاحب ناظم مجلس انصار اللہ علاقہ میرپور خاص لکھتے ہیں۔خاکسار کی بہو مکرمہ تمثیلہ خالد صاحبہ کی والدہ محترمہ بشریٰ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم عبدالحمید صاحب آف چک 151 ضلع میرپور خاص تقریباً ایک ماہ بیمار رہنے کے بعد مورخہ 11۔اکتوبر 2004 کو انتقال کر گئیں۔ان کی نماز جنازہ چک 151 میں اسی دن شام 4 بجے مکرم محمد آصف صاحب طاہر مربی سلسلہ نارتھ کراچی نے پڑھائی۔تدفین کے بعد مربی صاحب موصوف نے ہی دعا کرائی۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، نیک، ہمدرد اور ہر ایک کے غم میں شریک ہونے والی اور بہت ہی مہمان نواز تھیں۔مرحومہ نے پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور دیگر عزیزان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

☆......☆......☆......☆

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

خدام الاحمدیہ جماعت احمدیہ کی ریڑھ کی ہڈی ہے

درجوانی توبہ کردن شیوہ پیغمبری

احمدی نوجوان کا مثالی کردار، قومی اصلاح کی بنیاد

(قسط دوم آخر)

عبدالسمیع خان۔ ایڈیٹر الفضل

احمدیت کی خاطر قطع تعلقی اور استقلال

والدہ روتی رہتی

حضرت عبدالرحیم صاحب شرما ہندو مذہب سے احمدی ہوئے تو ان کی والدہ ان کو دیکھ کر روتی رہتی اور اس قدر روتی کہ گھگھی بندھ جاتی اور دور دور تک اس کے رونے کی آواز سنائی دیتی۔

(رفقاء احمد جلد نمبر 10 صفحہ 64,61)

سو رشتے

حضرت ماسٹر فقیر اللہ صاحب رفیق کا رشتہ احمدیت قبول کرنے سے پہلے ایک جگہ طے ہو چکا تھا مگر جب احمدی ہوئے تو ان لوگوں نے کہا کہ ہمارا تعلق آپ سے تب رہ سکتا ہے کہ احمدیت سے توبہ کریں۔ انہوں نے کہا "یہ تو آپ کی ایک لڑکی کی بات ہے اگر ایسا سو رشتہ بھی ہو تو میں احمدیت پر قربان کردونگا"۔ (رفقاء احمد جلد نمبر 10 ص 19)

اگر ہمارا ہے

حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی سابق ہریش چندر کی والدہ بھی ان کے قبول احمدیت سے سخت ناراض تھیں۔ ان کے والد دھوکے سے انہیں قادیان سے لے گئے اور تحریر دی کہ والدہ، بھائی بہنوں سے مل کر واپس آجائے گا۔ ماں ایک بار قادیان میں اس طرح روتی ہوئی آئیں کہ احمدیہ بازار میں شور مچ گیا۔ لیکن ماں کی محبت ان کے پائے ثبات میں کوئی لغزش پیدا نہ کرسکی۔ (رفقائے احمد جلد 9 ص 80)

بہرحال جب ان کے والد صاحب نے تحریری اقرار کیا انہیں بہن بھائیوں سے ملنے کے بعد قادیان واپس کردیا جائے گا تو حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے کس اعتماد سے اس پر لکھا "اگر ہمارا ہے تو آجائے گا"

(رفقاء احمد جلد 9 ص 48)

چنانچہ باوجود ان کے والد کی عہد شکنی کے یہ کسی نہ کسی طرح پھر قادیان پہنچ گئے۔ اور پھر حضور کے قدموں میں ہی رہے۔

سب نے بیعت کرلی

حضرت مولوی محمد ابراہیم صاحب بقاپوری نے بیعت کی تو مخالفت پورے زور سے جاری ہوگئی۔ اس میں عوام کے علاوہ آپ کے والدین اور چھوٹا بھائی بھی شامل تھے۔ مگر آپ استقامت سے ایمان پر قائم رہے اور دعوت الی اللہ کرتے رہے۔ ایک سال کے اندر اندر آپ کے والد صاحب، چھوٹا بھائی اور دونوں بھاوجوں نے بیعت کرلی۔ آپ کے بڑے بھائی نے خلافت اولیٰ میں بیعت کی۔

(رفقاء احمد جلد 10 ص 215)

گھر چھوڑ دیا

گیمبیا کے ایک عیسائی نوجوان نے احمدیت قبول کی تو ماں نے اس کی شدید مخالفت شروع کردی۔ پہلے تو وہ برداشت کرتا رہا مگر جب اس کی ماں نے قرآن کریم کی توہین شروع کی تو گھر چھوڑ کر نکل گیا اور دوبارہ اس گھر میں نہیں گیا۔

(روزنامہ الفضل 30 جون 2003ء)

ایمان کی مضبوطی

چوہدری بشیر احمد صاحب وڑائچ رجوعہ ضلع گجرات نے 1957ء میں احمدیت قبول کی۔ والد نے آپ کی شدید مخالفت کی اور جائیداد سے عاق کردیا تو آپ اپنے ماموں کے پاس چلے گئے۔ ان کے والد نے ان کو سمجھانے کے لئے چھوٹے بیٹے کو بھیجا مگر وہ بھی احمدی ہو گئے۔ اور دونوں بھائی واپس آ گئے مگر پھر سخت مخالفت کی وجہ سے سندھ چلے گئے اور اپنے ایمان پر قائم رہے یہاں تک والدہ کے ساتھ حسن سلوک کی بنا پر انہوں نے خود کہا کہ تم جس مذہب پر چاہو قائم رہو ہم تمہیں کچھ نہیں کہیں گے تب وہ چار سال کے بعد گھر واپس آ گئے۔

(روزنامہ الفضل 9 مارچ 2001ء)

غیرت ایمانی اور قربانیاں

ذرہ ذرہ قربان ہو جائے

حضرت مولوی نعمت اللہ صاحب کو 1924ء میں کابل میں شہید کیا گیا۔ انہوں نے قید خانے سے حضور کی خدمت میں ایک خط لکھا کہ جوں جوں اندھیرا بڑھتا ہے خدا میرے لئے نور کو روشن تر کرتا جاتا ہے۔ دعا کریں کہ اس عاجز کا ذرہ ذرہ دین پر قربان ہو جائے۔ (تاریخ احمدیت جلد 4 ص 476)

اس واقعہ شہادت کے بعد حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ:

حضرت مولوی نعمت اللہ خان صاحب کی شہادت سے جو جگہ خالی ہوئی ہے مجھے موقع دیں کہ اس جگہ کو پر کروں اور دین کا پیغام پہنچاتے ہوئے قربانی پیش کروں۔

(خالد دسمبر 1985ء ص 181)

وصیت پوری کردی

1947ء میں قادیان کی حفاظت کے لئے ایک احمدی خاتون نے اپنے بیٹے کو بھیجا اور جاتے ہوئے یہ وصیت کی "بیٹا دیکھنا پیٹھ نہ دکھانا" سعادت مند بیٹے نے ماں کے فرمان کی لاج رکھ لی اور شہادت سے چند لمحے پہلے اپنی ماں کے نام یہ پیغام دیا "میری ماں سے کہہ دینا کہ تمہارے بیٹے نے تمہاری وصیت پوری کر دی ہے اور لڑتے ہوئے مارا گیا ہے"۔

(الفضل 11 اکتوبر 1947ء)

313 سرفروش

تقسیم ہند کے بعد حضرت مصلح موعود نے تحریک فرمائی کہ ہم قادیان کسی صورت میں مکمل طور پر نہیں چھوڑیں گے اور ایسے جانبازوں کی ضرورت ہے جو جان ہتھیلی پر رکھ کر قادیان میں ٹھہر جائیں اور مقامات مقدسہ کی حفاظت کریں حضور نے اپنے ایک بیٹے سمیت 313 احمدیوں کا وہاں ٹھہرنے کے لئے انتخاب فرمایا۔ چنانچہ 16 نومبر 1947ء سے وہاں عہد درویشی کا آغاز ہوا۔ ان احمدیوں نے جس ایمان، استقامت اور فدائیت کا مظاہرہ کیا اس کا تذکرہ کرتے ہوئے ایڈیٹر اخبار ریاست نے لکھا:۔

"یہ واقعہ انتہائی دلچسپ ہے کہ جب مشرقی پنجاب میں خونریزی کا بازار گرم تھا۔ (مومنوں) کا (مومن) ہونا ہی ناقابل تلافی جرم تھا۔ مشرقی پنجاب کے کسی ضلع کے مقام پر بھی کوئی (مومن) باقی نہ رہا وہ یا تو پاکستان چلے گئے یا قتل کر دیئے گئے تو............ قادیان میں چند درویش صفت احمدی تھے......جنہوں نے اپنے مقدس مذہبی مقامات چھوڑنے سے انکار کردیا اور انہوں نے ننگ شرافت لوگوں کے ننگ انسانیت مظالم برداشت کئے اور جن کو بلاخوف تردید مجاہد قرار دیا جا سکتا ہے۔ اور جن پر آئندہ کی تاریخ فخر کرے گی۔ کیونکہ امن اور آرام کے زمانہ میں تو ساتھ دینے والی تمام دنیا ہوا کرتی ہے۔

ان لوگوں کو انسان نہیں فرشتہ قرار دیا جانا چاہئے جو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر اپنے شعار پر قائم رہیں اور موت کی پرواہ نہ کریں۔ اب بھی............ قادیان کے درویشوں کے اسوۂ حسنہ کا خیال آتا ہے تو عزت واحترام کے جذبات کے ساتھ گردن جھک جاتی ہے۔ اور ہمارا ایمان ہے کہ یہ ایسی شخصیتیں ہیں جن کو آسمان سے نازل ہونے والے فرشتے قرار دینا چاہئے"۔

(مرکز احمدیت قادیان۔ برہان احمد ظفر ص 280)

غیر معمولی تسکین

ساہیوال میں بعض احمدیوں کو موت کی سزا سنائی گئی تو انہیں یوں معلوم ہوا جیسے ان کے سینوں میں ایک غیر معمولی تسکین بھر دی گئی ہے اور انہوں نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا کہ خدا نے انہیں اس قربانی کی توفیق دی ہے۔

(الفضل 30 جون 2003ء)

جھنڈے کی حفاظت

لاہور کے خدام ایک جلسہ میں شمولیت کے لئے ریل کے ذریعے قادیان آ رہے تھے اور ان کے پاس خدام الاحمدیہ کا جھنڈا بھی تھا۔ ریل تیزی سے سفر کر رہی تھی کہ ایک لڑکے سے جس کے پاس خدام الاحمدیہ کا جھنڈا تھا ایک دوسرے خادم نے جھنڈا مانگا۔ لڑکے نے خادم کو جھنڈا دے دیا اور سمجھ لیا کہ اس نے جھنڈا پکڑ لیا ہے۔ مگر واقعہ یہ تھا کہ اس نے جھنڈا ابھی نہیں پکڑا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جھنڈا ریل سے باہر جا پڑا۔ وہ لڑکا جس کے ہاتھ سے جھنڈا گرا تھا فوراً نیچے کودنے لگا مگر جس خادم نے جھنڈا مانگا تھا اسے فوراً روک دیا اور خود نیچے چھلانگ لگا دی۔ وہ اوندھے منہ نیچے گرا مگر فوراً ہی اٹھا اور جھنڈے کو پکڑ لیا اور پھر کسی دوسری سواری میں بیٹھ کر اپنے قافلہ سے آملا۔

(تاریخ احمدیت جلد نمبر 8 ص 471)

انعام واپس کردیا

ایک احمدی طالب علم ایک عیسائی ادارے میں تعلیم حاصل کرتا تھا۔ ہر کلاس میں اوّل آتا تھا۔ عیسائی پادریوں نے اسے اپنے دام میں پھنسانا چاہا۔ چنانچہ ایک مرتبہ سکول میں تقسیم انعامات کے موقع پر اسے ایک ڈبیہ انعام میں دی گئی۔ اس نے ڈبیہ کو کھولا تو اس کے اندر سے صلیب نکلی۔ اس طالب علم کی غیرت ایمانی نے یہ گوارا نہ کیا کہ وہ صلیب کی ڈبیہ انعام میں قبول کرے۔ اس نے یہ کہہ کر کہ میں احمدی ہوں۔ آپ کی صلیب قبول نہیں کر سکتا۔ فوراً ڈبیہ ان کی طرف پھینک دی۔ جس سے مجمع میں سناٹا چھا گیا۔ جملہ حاضرین اس احمدی طالب علم کی غیرت ایمانی کو دیکھ کر عش عش کر اٹھے۔

(الفضل 25 جنوری 1984ء)

اطاعت والدین

سکول چلے گئے

حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میں نے کبھی بھی اپنے والدین کے حکم کی سرتابی نہیں کی۔ ایک دن والد صاحب نے مجھے ڈانٹا کہ تم سکول کیوں نہیں گئے اور حکم دیا کہ ابھی بستہ اٹھاؤ اور سکول جاؤ۔ میں فوراً تعمیل حکم میں سکول چل دیا حالانکہ سکول بند تھا۔

سکول سے واپس آیا تو والد صاحب کے دریافت کرنے پر میں نے عرض کیا کہ آج سکول میں تعطیل ہے۔

(جنت کا دروازہ ص 42)

مسلسل خدمت

حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب چارسدہ کے رہنے والے تھے۔ 1909ء میں احمدیت قبول کی۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں ابتدا سے اپنے والد کا بہت احترام کیا کرتا تھا۔ احمدیت قبول کرنے کے بعد جب میرے والد صاحب مخالفوں کے ساتھ مل کر احمدیت کے سخت مخالف ہوئے، تو بھی بدستور میں ان کا ویسا ہی ادب و احترام کرتا جیسے پہلے کیا کرتا تھا اور اپنی تنخواہ سے ماہوار کچھ نہ کچھ ان کی خدمت میں پیش کرتا۔

(حیات الیاس صفحہ 22 از عبدالسلام خان)

ساری بچت

چوہدری بشیر احمد صاحب وڑائچ رجوعہ ضلع گجرات نے بیعت کی تو والد نے سخت مخالفت کی۔ جائیداد سے عاق کر دیا۔ قتل کے منصوبے بننے لگے تو وہ ہجرت کر کے سندھ چلے گئے۔ وہاں اللہ نے انہیں باعزت روزگار عطا فرمایا۔ دوسری طرف ان کے والد کی فصل اچھی نہ ہوتی۔ مویشی مرنے لگے۔ چوہدری صاحب سال کے آخر پر اپنی آمد کی ساری بچت اپنے مخالف والد کو بھیج دیتے۔ یہاں تک کہ والد نے خود ہی واپس آنے کی اجازت دے دی۔ (الفضل 9 مارچ 2001ء)

خدمت انسانیت

قابل فخر

1923ء میں تحریک شدھی کے دوران ریاست بھرت پور کے گاؤں کی ایک بڑھیا کی فصل کاٹنے سے اس کے بیٹوں نے انکار کر دیا تو قادیان کے گریجویٹ اور عربی فاضل اس بڑھیا کی فصل کاٹنے کے لئے پہنچے۔ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے اخبار ''زمیندار'' نے لکھا:

''احمدی بھائیوں نے جس خلوص، جس ایثار، جس جوش اور جس ہمدردی سے اس کام میں حصہ لیا ہے وہ اس قابل ہے کہ ہر (......) اس پر فخر کرے''۔

(زمیندار 8راپریل 1923ء بحوالہ تاریخ احمدیت جلد 5 ص 347)

واحد سہارا

1947ء میں قیام پاکستان کے وقت جب لاکھوں مہاجر لٹے پٹے قافلوں کے ساتھ پاکستان کی طرف رخ کئے ہوتے تھے اور دوسری طرف مسلمان عورتوں کی عزت و حرمت کے ساتھ ظلم کی ہولی کھیلی جا رہی تھی او ربچوں کو اچھال کر نیزوں میں پرویا جا رہا تھا۔ اس وقت احمدیہ جماعت کا مرکز قادیان جو خود بھی دشمنوں کے نرغہ میں تھا دور دور کے تمام مسلمان دیہات کی پناہ گاہ بن چکا تھا۔ اس چھوٹی سی بستی نے 75 ہزار بے خانماؤں کو سہارا مہیا کیا۔ ان بالکل مفلس اور قلاش مہاجروں کی کفالت جماعت احمدیہ نے کی اور کسی ایک کو بھی بھوکا نہیں مرنے دیا گیا۔ جلسہ سالانہ کی ضروریات کے خیال سے اکٹھی کی ہوئی گندم کے گودام ان کے لئے کھول دیئے گئے۔

ان ننگے اور عریاں جسموں کو جہیزوں کے کپڑوں سے ڈھانپا گیا۔ صدر خدام الاحمدیہ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے خود اپنی بیگم کے قیمتی کپڑے تقسیم کر کے اس کام کا آغاز کیا۔ ان کے کپڑوں میں بعض ایسے قیمتی اور پرانے خاندانی ملبوسات بھی تھے جو وہ خراب ہونے کے ڈر سے نہیں پہنتی تھیں اس کے بعد تو ہر کمرہ کے بکس کھل گئے۔ (جلسہ سالانہ کی دعائیں ص 89)

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب جب قادیان سے نکلے تو ان کے ہاتھ میں صرف ایک خاکی تھیلا تھا جس میں صرف ایک جوڑا تھا۔

راولپنڈی میں اوجڑی کیمپ سے آگ برسی تو دنیا جدھر منہ اٹھا بھاگ پڑی ان میں احمدی بھی تھے۔ مگر وہ موت کے ڈر سے نہیں بھاگ رہے تھے۔ دوسروں کو موت سے بچانے کے لئے بھاگ رہے تھے سب سے پہلا امدادی کیمپ وہاں احمدی نوجوانوں نے قائم کیا۔

(الفضل 31 دسمبر 1990ء)

ہر روٹی کے بدلے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

''1950-51ء کی بات ہے پنجاب میں سیلاب آیا اور ہمارے بہت سارے علاقے چھوٹے چھوٹے جزیرے بن گئے اور لوگ بھوکے مر رہے تھے۔ تو ظفر الاحسن صاحب جوڑی سی لگے ہوئے تھے اور جن سے میرے تعلقات تھے انہوں نے مجھے خاص طور پر کہا کہ دوسرے توجہ نہیں کرتے۔ آپ کالج (تعلیم الاسلام کالج) کے طلباء اور دوسرے خدام سے کہیں کہ وہ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کے لئے روٹیاں جمع کر کے دیں۔ چنانچہ ایک دن ہمارے کالج کے پانچ دس طالب علم میرے پاس آ کر کہنے لگے کہ لاہور کے جس محلے میں ہم روٹیاں جمع کرنے کے لئے گئے تھے۔ انہوں نے ہمیں کہا ہے کہ اگر دوبارہ تم یہاں آئے تو ہم تمہیں چپیڑیں لگائیں گے۔ میں نے ان سے کہا کل تم ضرور جاؤ اور ان سے کہو کہ ہم چپیڑیں کھانے آئے ہیں۔ اس شرط پر کہ جتنی چپیڑیں مارو اس سے دگنی روٹیاں ہمیں دے دو کیونکہ ہمارے بھائی بھوکے ہیں ان کو روٹی پہنچنی چاہئے۔ چنانچہ وہ گئے تو چپیڑیں تو انہوں نے نہیں کھائیں البتہ اس محلے سے روٹیاں لے کر آ گئے۔ (مشعل راہ جلد 2 ص 244)

جان دے دی

27 جولائی 1956ء کی صبح کو راولپنڈی میں تیز بارش ہوئی جھنگی محلّہ کے ایک احمدی نوجوان حفیظ احمد صاحب ابن چوہدری محمد ابراہیم صاحب جو C.O.D راولپنڈی میں ملازم تھے حسب معمول اپنے گھر سے تیار ہو کر اپنی ڈیوٹی پر چلے گئے۔ واپسی پر انہوں نے نالہ لئی کے قریب پانی کے تماشائیوں کا ہجوم دیکھا آپ بھی وہاں پہنچ گئے اسی دوران ایک طرف سے شور اٹھا کہ دیکھو یہ لڑکا پانی میں گر گیا اور ڈوب رہا ہے تماشائی ایک دوسرے کا منہ دیکھنے لگے مگر کسی نے جرأت نہ کی کہ ڈوبتے کو بچا سکیں حفیظ احمد صاحب نے انسانی ہمدردی کے جوش میں کہا کہ لڑکے کو بچاؤں گا تب انہوں نے ایک رسہ کمر میں باندھا اور لوگوں سے کہا کہ وہ رسہ پکڑیں یہ کہہ کر حفیظ صاحب نے اس خوفناک پانی میں چھلانگ لگا دی وہ کافی دیر طوفانی لہروں کا مقابلہ کرتے رہے اور آخر کار اس لڑکے کو کنارے پر لگانے میں کامیاب ہو گئے اب ان کا اپنے آپ کو بچانا باقی تھا پانی کا چڑھاؤ یکدم تیز ہو گیا اور طوفانی لہریں شدت اختیار کرتی گئیں رسہ پکڑنے والے پانی کے چڑھاؤ سے ڈر گئے اور رسہ چھوڑ کر پیچھے ہٹ گئے حفیظ صاحب ان طوفانی لہروں اور پانی کے تھپیڑوں کا کافی دیر مقابلہ کرتے رہے مگر ان کا رسہ بجلی کے ایک کھمبے سے لپٹ گیا اور ان کی زندگی اور موت کے درمیان حائل ہو گیا انہوں نے بڑے زور سے رسے کو جھٹکے مارے اور وہ اس میں کامیاب بھی ہو گئے مگر متواتر دو گھنٹے اس خطرناک پانی کا مقابلہ کرتے کرتے ان کے ہاتھ پاؤں ہمت ہار گئے تھے آخر ایک اور شدید طوفانی لہر انہیں ساتھ بہا کر لے گئی اور اس طرح اس خونی ندی نے ایک باہمت احمدی نوجوان کی جان لے لی۔

تماشائی دور کھڑے یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے مگر کسی نے ہمت نہ کی کہ وہ اس بہادر نوجوان کی کچھ مدد کر سکیں جب یہ احمدی نوجوان اپنے آپ کو لہروں کے حوالے کر چکا تب چند خدا ترس لوگوں نے اس کی لاش کا تعاقب کیا اور تین گھنٹے کی مسلسل کوشش سے لاش کو پانی سے نکالا۔ (الفضل 18راگست 1956ء)

45 سال بعد راولپنڈی میں یہی واقعہ دہرایا گیا۔

23 جولائی 2001ء کو راولپنڈی اسلام آباد میں خوفناک بارش ہوئی جس نے بارش کی شدت کے سو سالہ ریکارڈ توڑ دیئے۔ اس شدید بارش سے راولپنڈی کے ندی نالوں میں پانی کا بہاؤ یکدم تیز ہو گیا۔ خاص طور پر نالہ لئی میں سیلابی پانی کی آمد کے بعد اس کی تیزی اور شدت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا۔ اس طوفان میں راولپنڈی کے احمدی خادم مکرم سہیل اظہر صاحب نے خدمت خلق کے دوران جان قربان کر دی۔ موصوف بہترین تیراک تھے، ایک خاتون کے شور مچانے پر کہ اس کا بچہ ڈوب رہا ہے، اسے بچاؤ، سہیل اظہر صاحب نے فوراً اس عورت کے لخت جگر کو بچانے کے لئے پانی میں چھلانگ لگائی وہ اسے بچانے میں کامیاب تو ہو گئے لیکن نالہ لئی کی تند و تیز لہروں کے سامنے توازن برقرار نہ رکھ سکے اور بے قابو ہو کر شدید لہروں میں ڈوب کر وفات پا گئے اور خدمت خلق کے میدان میں نئے باب کا اضافہ کر دیا۔

یہ واقعہ 23 جولائی کی شام چھ بجے پیش آیا اور ان کی نعش قریباً ساڑھے چار گھنٹے بعد ملی۔

(الفضل 27 جولائی 2001ء)

دو اجر

وقار عمل احمدی نوجوانوں کا طرہ امتیاز ہے جس کا اعتراف کرنے پر غیر بھی مجبور ہیں۔ ایک وقار عمل سے متاثر ہو کر خواجہ حسن نظامی لکھتے ہیں:

آج دہلی کی قادیانی جماعت کے چالیس افراد خدمت خلق کے لئے آئے تھے۔ مجھ سے پوچھا کہیں کا راستہ صاف کرنا ہو تو بتا دیجئے۔ میں نے اپنے مسافر خانہ کا راستہ خود جا کر بتایا۔ ان لوگوں نے مزدوروں کی طرح پھاوڑے لے کر راستہ صاف کیا اور ان میں وکیل بھی تھے اور بڑے بڑے عہدے داروں کے سرکاری نوکر بھی تھے اور مرزا صاحب کے قرابتدار بھی تھے ان کے اس مظاہرے کا درگاہ کے زائرین اور حاضرین پر بہت اثر ہوا۔ ایک صاحب نے کہا کہ پراپیگنڈا کے لئے یہ کام کر رہے ہیں۔ میں نے کہا حضرت سلطان المشائخ نے فرمایا ہے جو شخص ظاہر داری کے لئے خدمت کرتا ہے اس کو اجر ملتا ہے اور جو محض خدا کی رضا کے لئے خدمت خلق کرتا ہے اس کو دو اجر ملتے ہیں۔ (الفضل 31 دسمبر 1990ء)

وقار عمل

مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی ہر نئے سال کا آغاز یکم جنوری کو وقار عمل سے کرتی ہے۔ یہ اب مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے مستقل پروگرام میں شامل ہے کہ جرمنی

بھر میں مقامی مجالس اپنے اپنے علاقے میں شہر کی انتظامیہ سے اجازت حاصل کر کے اور کچھ مقامات پر انتظامیہ سے مل کر شہر میں صفائی کا کام کرتے ہیں۔ یعنی 31 دسمبر کی رات کو نئے سال کی خوشی میں جب لوگ پٹاخے چلاتے ہیں تو عموماً سارے شہرے میں اور خصوصاً شہر کی مشہور جگہوں پر گندگی کے انبار لگ جاتے ہیں جس میں پٹاخوں کے بچے ہوئے حصے اور جلے ہوئے بارود کی خاک اور کاغذ وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ اس سارے گند کو بعض جگہوں سے مشینوں کے ذریعہ بھی صاف نہیں کیا جا سکتا۔ مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی چند سالوں سے مختلف شہروں میں انتظامیہ سے رابطہ کر کے پیشکش کرتی ہے کہ ہم بھی اپنے شہر کی صفائی میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔ اس طرح انتظامیہ شہر کا کچھ حصہ خدام الاحمدیہ کے ذمہ لگا دیتی ہے۔ یہ امر جرمن قوم کے لئے حیران کن ہے کہ کسی غیر قوم کے نوجوان اکٹھے ہو کر علی الصبح شہر کی صفائی کر رہے ہیں۔ ان کی اپنی قوم کے باشندے جنہوں نے بڑی بے دردی سے یہ گند ڈالا تھا اب نیند کے مزے لے رہے ہیں تو دیار غیر سے آئے چند دیوانے راکھ کے ان ڈھیروں کو اکٹھا کر کے ان گلیوں کو دوبارہ صاف ستھرا بنا کر ان شہریوں کو یہ پیغام دیتے نظر آ رہے تھے کہ ابھی دنیا میں خدا کے ایسے بندے موجود ہیں جو محض خدا کی خوشنودی کی خاطر اس کی مخلوق کی بھلائی کے لئے اپنا آرام قربان کرنے کے لئے ہر وقت کوشاں رہتے ہیں۔ اور پھر اس مادی دور میں یہ سارا کام بغیر کسی معاوضہ کے کرتے ہیں۔ دیکھنے والی ہر نظر یہ پوچھنے پر مجبور ہوتی ہے کہ آپ کون لوگ ہیں؟ یکم جنوری 2004ء کو جرمنی بھر میں 22 ریجنز و لوکل قیادت کی 205 مجالس نے اللہ کے فضل و کرم سے وقار عمل کیا۔ اور اس میں 102 مجالس نے انتظامیہ سے اجازت حاصل کر کے اور 56 مجالس نے ان کے ساتھ مل کر اور 51 مجالس نے اجتماعی طور پر اپنے نماز سینٹر اور بیوت الذکر میں وقار عمل کیا۔ اس وقار عمل میں کثیر تعداد میں خدام و اطفال اور انصار نے حصہ لیا۔ اور کئی شہروں کے برگا مائسٹر نے کام کرنے کی جگہ پر آ کر خدام و اطفال کا شکریہ ادا کیا۔

(الفضل 12 مارچ 2004ء)

بے لوث خدمت

ہیومینیٹی فرسٹ انسانیت کی بے لوث خدمت کا دوسرا نام بن چکی ہے۔ اس تنظیم نے دنیا کے مختلف ممالک میں ہنگامی حالات میں خدمت کا بہترین نمونہ پیش کیا ہے اور عمومی طور پر مختلف غریب ممالک میں سارا سال امدادی سامان بھجوانے کے سلسلہ میں بھی اس کی کارگزاری کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔

مکرم حافظ احسان سکندر صاحب سابق امیر بینن اپنی ایک رپورٹ میں بیان کرتے ہیں کہ تینوں ممالک یعنی بینن، ٹوگو اور نائیجر کے لئے بھجوائے جانے والے کنٹینرز ماہ نومبر 2001ء کے اختتام میں ہمیں موصول ہو گئے تھے۔ ان کنٹینرز میں چاول، آریکو، نمک، سپاگیٹی، ڈبوں میں بند خوراک، پکانے کا تیل اور کپڑے و کھلونے وغیرہ شامل تھے۔

بینن میں اس سامان کی تقسیم جماعتی نظام کے تحت ملک بھر میں فوری طور پر شروع کی گئی تا کہ عید سے قبل یہ خوراک اور کپڑے مستحق افراد تک پہنچ جائیں۔ ملک بھر میں مختلف شعبے ہنگامی بنیادوں پر قائم کئے گئے جن کی نگرانی مرکزی مربیان نے کی اور لوکل معلمین، خدام الاحمدیہ اور دیگر افراد جماعت نے اس سلسلہ میں بھرپور تعاون کیا۔ بعض جگہوں پر امدادی سامان جنگلوں کے اندر تیس میل کے فاصلے تک بھی پہنچایا گیا اور بعض جگہوں پر کشتیوں کے ذریعہ دریا پار کر کے یہ خدمت سرانجام دی گئی۔ اس مقصد کے لئے کئی ٹیموں نے مسلسل 48 گھنٹے تک کام کرنے کی توفیق پائی اور مجموعی طور پر پانچ ہزار کلومیٹر سفر کیا۔ ہر گاؤں میں سامان کی تقسیم کی ذمہ داری مقامی امام اور چیف کے سپرد کر دی گئی اور انہیں اس کا طریق کار سمجھا دیا گیا۔ اس طرح 163 جماعتوں کے مستحق افراد تک یہ امداد عید سے قبل پہنچ گئی۔ اس کے علاوہ اس سامان کو ہسپتالوں میں بیماروں اور ناداروں میں بھی تقسیم کرنے کا انتظام کیا گیا۔ چنانچہ دو ہسپتالوں کے پانچ سو مریضوں میں عید سے قبل اور عید کے دن یہ تحائف تقسیم کئے گئے۔ اسی طرح جماعتی خدمت میں مستعد بعض افراد کو بھی اس سامان میں سے عید کے تحائف پیش کئے گئے۔

خدمت خلق کی اس کاوش کو بینن کے صحافتی میدان میں بھی انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا چنانچہ ایک قومی اخبار Beninois کے ایک طویل مضمون میں اس کا تذکرہ کیا گیا اور تصاویر بھی شائع کی گئیں۔

(ماہنامہ اخبار احمدیہ برطانیہ جنوری 2002ء)

بینائی بحال کرنے کا عظیم کام

نابینا افراد کو بینائی فراہم کرنا اور ان کو اس دنیا کے رنگ و بو میں اس قابل بنانا کہ وہ فعال زندگی گزاریں اور خدمات دینیہ بجالائیں ایک صدقہ جاریہ اور عظیم نیکی ہے۔ خدمت خلق کا یہ انقلابی کام مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت کام کرنے والی نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن نے جاری کر رکھا ہے۔ ساڑھے چار سال سے قائم یہ تنظیم ترقیات کی منازل بڑی تیزی اور تندہی سے طے کر رہی ہے۔ اب تک اس ایسوسی ایشن نے 58 نابینا افراد کی بینائی بحال کر کے ڈھیروں دعائیں حاصل کی ہیں۔ ان میں سے زیادہ تعداد غیر از جماعت احباب کی ہے۔ اب تک 11 ہزار سے زائد مخلصین جماعت عطیہ چشم کی وصیت کر کے اس ایسوسی ایشن کے ممبر بن چکے ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ خدمت انسانیت کا یہ تاریخی کام جماعت احمدیہ کے نوجوان سر انجام دے رہے ہیں۔

احمدی نوجوان کے کردار کے یہ محض چند نمونے ہیں ورنہ یہ خوشبو تو زندگی کے ہر شعبے میں اور اخلاق کے ہر میدان میں پھیلی پڑی ہے اور اپنے مقدس مزکی کا پیغام دیتی ہے کہ آج دنیا کی نجات اسی کردار سے وابستہ ہے۔

سعید فطرت صاحب

طبی خواص کی حامل فصل

کلونجی کی کاشت کے مراحل

جوں جوں زمانہ ترقی کرتا جا رہا ہے پرانی چیزوں کا استعمال کم ہوتا جا رہا ہے۔ ایک وقت تھا کہ کلونجی اور سونف ہر گھر میں موجود ہوتی تھی کیونکہ اس وقت کے لوگ ان چیزوں کے طبی خواص سے بخوبی واقف تھے اسی طرح اجوائن کو بھی گھر کی ضرورت سمجھا جاتا تھا لیکن یہ چیزیں کسی پنساری کی دکان سے ہی مل سکتی ہیں۔ اگر آج بھی لوگ ان چیزوں کو اپنی روزمرہ غذا میں استعمال کرنا شروع کر دیں تو آجکل کے دور کے بے شمار مسائل اور ان گنت بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ خصوصاً پیٹ کی بیماریوں میں یہ چیزیں مفید ہیں۔ کلونجی کی اہمیت سے کسی صورت میں بھی انکار ممکن نہیں۔ اس کی کاشت کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کلونجی کے بیج چھوٹے چھوٹے کالے رنگ کے اور وزن میں انتہائی ہلکے ہوتے ہیں ایک ایکڑ میں کلونجی کاشت کرنے کے لئے عام طور پر چار سے پانچ کلو بیج کافی سمجھے جاتے ہیں اور شائد کلونجی وہ واحد فصل ہے جو مہنگائی کے اس دور میں بھی بہت کم خرچ میں تیار کی جا سکتی ہے۔ دوائی اور سپرے وغیرہ کی اسے بہت کم ضرورت ہوتی ہے۔ اکثر فصل بیماری سے محفوظ رہتی ہے اسے کھاد کی بھی اتنی زیادہ ضرورت نہیں ہوتی البتہ کھاد ڈالنے سے پودے قد زیادہ کر جاتے ہیں اور عموماً دیکھا گیا ہے کہ بڑے قد کے پودے چھوٹے قد کے پودوں کی نسبت کم پھل لاتے ہیں اس لئے ایک ایکڑ میں کھاد آدھی بوری سے کچھ کم ہو تو بہتر ہے اور جہاں تک پانی لگانے کا تعلق ہے ہفتہ دس دن کے بعد لگانا بہتر ہے۔ لیکن اگر آپ کو محسوس ہو کہ پودے چھوٹے رہ رہے ہیں تو تھوڑی سی زیادہ کھاد اور زیادہ پانی دینے سے بھی حرج نہیں ہوتا۔ عام طور پر یہ پودے دو فٹ سے تین فٹ تک اونچے ہو جاتے ہیں۔ کلونجی کے پودوں کی شکل گاجر کے پتوں جیسی ہوتی ہے اور انتہائی پرکشش منظر پیش کرتی ہے۔ اس کی کاشت سے پہلے کوشش کر کے فصل والی زمین میں روڑی (کھاد) ملانی چاہئے کیونکہ روڑی یوریا کھاد سے بہت بہتر ہے۔ کلونجی گندم کے موسم میں کاشت کی جاتی ہے اور گندم کے ساتھ پک جاتی ہے۔ پکی ہوئی فصل کے اوپر سے پھلیاں مختصر ٹہنیوں سمیت کاٹ لی جاتی ہیں اور نیچے اونچے ڈنٹھل رہنے دیئے جاتے ہیں جو ہل چلاتے وقت ٹوٹ پھوٹ کے زمین میں دب جاتے ہیں اور اگلی فصل کے لئے یہ ڈنٹھل بہترین کھاد کا کام دیتے ہیں۔

بیجوں سے بھری ہوئی پھلیوں پر ٹریکٹر کے ساتھ مشین چلا کر بیج حاصل کیا جاتا ہے۔ دو تین دفعہ ٹریکٹر چلانے سے پھلیاں بیج علیحدہ کر دیتی ہیں۔ پھر ان ٹوٹی ہوئی پھلیوں اور بیجوں کو ہوا میں لہرایا جاتا ہے تا کہ پھلیاں الگ اور بیج الگ ہو جائیں یہ عمل اس وقت تک دہرایا جاتا ہے جب تک بیج مکمل طور پر بھوسے سے الگ نہیں ہو جاتے ہیں۔

کلونجی جس کا بیج زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ سو روپے کلو تک ملتا ہے اور ایک ایکڑ میں پانچ کلو کافی ہوتا ہے لیکن کھیلیوں پر بویا ہوا یہ پانچ کلو بیج جب فصل پکتی ہے تو آٹھ من سے دس من تک پیداوار دیتا ہے۔ بیج کو کھیلیوں پر دونوں طرف کھیلی کے سرے کے قریب کاشت کرنا چاہئے۔ ہر بیج کا دوسرے بیج سے فاصلہ کم از کم آدھا فٹ ضرور ہونا چاہئے۔

کلونجی کو گوڈی ضرور کرنی چاہئے کیونکہ گوڈی کے بغیر یہ فصل بھرپور پیداوار نہیں دے سکتی کم از کم دو گوڈیاں ضرور کرنی چاہئیں اس سے فصل پر خوشگوار اثر پڑے گا۔ کلونجی کا وطن ترکی ہو اٹلی ہو یا ہندوستان ہو لیکن ضلع جھنگ اور ملتان کی زمین اس کی جڑوں کو بہت راس آتی ہے ان علاقوں میں اس کی پیداوار انتہائی کم قیمت میں دس من تک ہو جاتی ہے اور دس من کلونجی کی قیمت پندرہ سے بیس ہزار تک ہے گندم کے ساتھ ساتھ کلونجی بھی ضرور کاشت کریں اس سے آپ کے بجٹ پر خوشگوار اثر پڑے گا۔ بلکہ آپ اپنے ملک پاکستان کے لئے بھی بہترین فصل پیدا کرنے والے بہترین زمیندار ہوں گے۔

کلونجی کا بیج بظاہر بے ذائقہ سا ہوتا ہے مگر اس کالے سے بیج کا اثر اور تاثیر اپنی ذات میں بے شمار خواص لئے ہوئے ہے۔ کلونجی کے کھیت کے چاروں طرف اگر سرسوں کے بیج لگا دیئے جائیں تو کلونجی کے زرد و سفیدی مائل اور ہلکے نیلگوں پھول سرسوں کے گہرے زرد رنگ کے پھولوں کے حلقے میں ایک جاذب نظر منظر پیش کرتے ہیں۔ بہت سے زمینداروں کے لئے یہ ایک اجنبی چیز ہوگی اور اس پر معمولی محنت کو بھی عبث خیال کریں گے لیکن جونہی اس کو ایک دفعہ کاشت کریں گے اور پیداوار کے وقت کھیت میں ہی قیمت وصول کریں گے تو یہ گمنام متاع ایک دفعہ پھر عام ہو جائے گی اور لوگوں میں اس کا استعمال بڑھے گا، بیماریاں کم ہوں گی، ملک خوشحال ہوگا۔ آیئے کلونجی کاشت کریں اپنے لئے اپنی قوم کے لئے اور اپنے پیارے ملک کے لئے۔

سب سے روشن ستارہ

Sirius A جسے Dog Star بھی کہا جاتا ہے۔
زمین سے فاصلہ 8.4 نوری سال۔

بالوں کی بیماریوں کا ہومیو پیتھک علاج

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی کتاب ''ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل'' سے ماخوذ

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

نوجوانوں کے بال سفید ہونے لگیں

''سورائینم کی ایک علامت ایسی ہے جو کسی اور دوا میں موجود نہیں اور سلفر کا تو اس سے دور کا بھی تعلق نہیں وہ یہ کہ بعض دفعہ نوجوان بچوں کے سر کے بال بکثرت سفید ہونے لگتے ہیں اور متعدد لٹیں سفید ہو جاتی ہیں تو اس میں سورائینم سے بہتر دوا میرے علم میں نہیں۔ سورائینم ایک ہزار طاقت میں ہفتہ وار استعمال کرنے سے کچھ عرصہ کے بعد ہی جڑوں سے سیاہ بال نکلنے لگتے ہیں۔ بالوں کا اوپر کا حصہ جو سفید ہو چکا ہو وہ تو کالا نہیں ہوتا لیکن نیچے سے اگنے والا بال کالا ہوتا ہے۔ زندگی کے عام دستور کے مطابق بڑی عمر میں جو بال سفید ہوتے ہیں معلوم نہیں ان پر سورائینم اثر انداز ہوتی ہے یا نہیں .... آرنیکا اور سورائینم کو مختلف طاقتوں میں ملا کر دینے کا تجربہ کرنا ایک صلائے عام ہے۔ ہوسکتا ہے ٹھنڈے مزاج کے بوڑھوں میں یہ نسخہ کارگر ثابت ہو''۔

(صفحہ:682)

کمزور، بے جان اور پھٹے کناروں والے بال

''فلورک ایسڈ میں بال بہت کمزور اور بے جان ہو جاتے ہیں اور کناروں سے پھٹ جاتے ہیں۔ نیٹرم میور میں تمام سر پر اثر پڑتا ہے لیکن فلورک ایسڈ میں سر پر کہیں کہیں بال کمزور ہوتے ہیں اور کہیں بالکل صحت مند نظر آتے ہیں یہ پہچان فلورک ایسڈ کو واضح طور پر دوسری ملتی جلتی دواؤں سے ممتاز کر دیتی ہے۔ اس لئے ایسی باتوں پر نظر رکھنی چاہئے کیونکہ بعض دفعہ ایسی علامات کی وجہ سے ایک ایسی دوا کی قطعی شناخت ہو جاتی ہے جو دوسری ملتی جلتی علامتیں دیکھنے سے ممکن نہیں ہوتی۔ ہوشیاری سے تاک میں لگے رہنا چاہئے کہ کوئی ایسی علامت مل جائے جو کسی دوا کی قطعی نشان دہی کر دے پھر باقی تمام بیماریوں کو وہ خود ہی سنبھال لیتی ہے، لمبی چوڑی تفتیش کی ضرورت نہیں پڑتی''۔

(صفحہ:391)

پلکوں کے بال مڑ کر آنکھوں کے چھپر میں داخل ہونے لگیں

''اگر آنکھ میں سفید سی جھلی پھیلنے لگے تو زنک کی دو سو طاقت بہت فائدہ دیتی ہے۔ آنکھوں کے چھپر میں اگر ایسی بیماری ہو جائے کہ پلکوں کے بال مڑ کر آنکھ کے چھپر میں داخل ہونے شروع ہو جائیں تو وہ قدرتی طور پر بڑھتے ہوئے چھپروں کے اندر ہی گول چھلوں کی شکل میں بڑے ہونے لگتے ہیں اور بہت تکلیف دیتے ہیں عموماً اس کا علاج جراحی ہے لیکن ایک جراحی کے بعد پھر کوئی دوسرا بال مڑ کر اندر چلا جائے گا اور یہ سلسلہ ختم ہونے میں نہیں آئے گا۔ اس کا مستقل علاج زنکم سلف ہے اور میں نے اسے اکثر 200 طاقت میں بہت مفید پایا ہے''۔

(صفحہ:810,809)

چھوٹے دائروں میں سر کے بال جھڑنا

''آرم میٹیلیکم کے مریض میں سر کے بال جھڑنے کا رجحان بھی ملتا ہے جو گنجے پن پر منتج ہو جاتا ہے۔ بال جھڑنے میں ایسڈ فاس کو بھی بہت شہرت حاصل ہے۔ اگر کسی معین دوا کا علم نہ ہو سکے تو عمومی طور پر ایلو پیشیا (Alopecia) کا نسخہ (بیسی لینم 200 + نیٹرم میور 30 + ٹیو کریم (Teucrium Marum) 30 + پکرک ایسڈ 30) بہت مفید ہے مگر یاد رہے کہ ایلو پیشیا چھوٹے چھوٹے گول دائروں میں بال جھڑنے کی بیماری کو کہتے ہیں لیکن اس نسخے کو میں نے عام گنجے پن پر بھی کامیابی سے استعمال کر کے دیکھا ہے، شرط یہ ہے کہ چہرے پر بھی اس بیماری سے دھدری جیسے نشان ظاہر ہوں۔ اس وقت یہ نسخہ بہترین ثابت ہوتا ہے۔ دیگر مزاجی علامتیں موجود ہوں تو گریفائٹس اور فاسفورس بھی گنجے پن میں بہت اچھا اثر دکھاتے ہیں۔ ایک عمومی نسخہ نیٹرم میور اور بیسی لینم دو سو طاقت میں بھی آزمودہ ہے۔ اس کے گنجے پن کا تعلق زیادہ تر سفلسی مادوں سے ہوتا ہے............ آرم میٹیلیکم کو بھی گنجے پن کے بہترین علاج کے طور پر بتلایا گیا ہے لیکن اگر مریض آرم میٹیلیکم کا ہو تو یہ اثر دکھائے گا ورنہ نہیں۔ اس کے گنجے پن کا تعلق زیادہ تر دبے ہوئے سفلسی مادوں سے ہوتا ہے۔ آرم میٹ کے اثر کو مزید بڑھانے کے لئے پہلے سفلینم ایک لاکھ طاقت میں دینی چاہئے اور دو مہینے کے بعد دہرانی چاہئے۔ اگر فرق نہ پڑے تو آرم میٹیلیکم دیں اور اس کے بعد نیٹرم میور اور بیسی لینم ملا کر دیں''۔

(صفحہ:113)

بال جھڑنا، خشکی، سکری

(1) ''کاربونیم سلف............ ذہنی علامتوں کے لحاظ سے بھی............ بہت اہم دوا ہے۔ مریض بہت جوشیلا ہوتا ہے، قوت برداشت نہیں رہتی، غصہ بہت آتا ہے، کھوٹے کھرے کی تمیز ختم ہو جاتی ہے، خودکشی کرنے کا رجحان بھی پایا جاتا ہے۔ سر میں خشکی، سکری اور بال جھڑنے کی علامت بھی ملتی ہیں''۔

(صفحہ:253)

(2) ''سلفر کے مریض کی ذہنی علامات بہت نمایاں ہوتی ہیں۔ یادداشت کمزور ہوتی ہے اور سوچ بچار میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔ سر درد جس میں جھکنے سے اضافہ ہو جاتا ہے اور دائمی سر درد جو معین وقفوں سے عود کر آتا ہے۔ خشکی سے بال بھی گرتے ہیں۔ یہ سب علامتیں سلفر کی یاد دلاتی ہیں''۔

(صفحہ:786)

(3) ''برائیٹا کارب بالوں کے گرنے، خشکی اور گنجے پن کا بھی علاج ہے۔ خشکی اور ایگزیما کی علامت دوسری دواؤں میں بھی پائی جاتی ہے لیکن ممکن ہے کہ برائیٹا کارب کے مریضوں کے بالوں کی جڑوں میں فاسد مادے بیٹھنے سے بال کمزور ہو رہے ہوں۔ یہ نظر کی کمزوری میں بھی مفید ہے''۔ (صفحہ 129)

سکری اور سر کی جلد میں تناؤ

